# مائنز لیبر رجسٹریشن اور ویلفیئر سکیم میں اپلائی کا طریقہ کار

کمشنریٹ آف مائنز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا نے مائنز لیبر کے لئے پاکستان میں پہلی بار کسی سرکاری سطح پر خیبر پختونخوا میں آن لائن مائنز لیبر رجسٹریشن کا آغاز کیا۔

## آن لائن مائن لیبر رجسٹریشن کا طریقہ کار

کمشنریٹ آف مائنز لیبر ویلفیئر کی ویب سائٹ www.cmlw.gkp.pk پر جا کر Registration پر کلک کریں۔

آن لائن فارم پُر کرنے کے لئے پہلے Type of Registration پر کلک کریں اور ان میں سے دیئے گئے چار اپشن

- فعال کان کن
- مائن حادثے میں فوت شدہ کان کن
- مائن حادثے کی وجہ سے مستقل معذور کان کن
- پیشہ ورپلمونری شکار بیماریوں کا شکار کان کن

میں کسی ایک کا انتخاب کریں۔ فارم میں موجود تمام کوائف درج کریں۔ اور submit پر کلک کریں۔ اور ساتھ ہی فارم کا Print نکالیں۔

فارم کے آخر میں دیئے گئے دستاویزات بمعہ فارم مطلقہ دفتر میں جمع کریں۔

## آن لائن سکالرشپ اپلائی کا طریقہ کار

کمشنریٹ آف مائنز لیبر ویلفیئر میں لیبر رجسٹریشن کرنے کے بعد مائن لیبر کسی بھی سکیم کے لئے اپلائی کر سکتا ہے۔

ویب سائٹ پر دیے گئے اسکالرشپ کے بٹن پہ کلک کریں اور ان میں سے درج ذیل چار اقسام کے اسکالرشپ میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔

- کان کن مزدوروں کے بچوں کیلئے کلاس اول تا ماسٹر کے تعلیمی وظائف
- کان کن مزدوروں کے وہ بچے جو کسی سرکاری ادارے میں ایم بی بی ایس، بی ڈی ایس یا انجینئرنگ میں زیر تعلیم ہوں
- کان کن مزدوروں کے وہ بچے جو کسی بھی بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں (Top 50) پوزیشن ہولڈر ہو
- کان کن مزدوروں کے وہ معذور بچے جو خصوصی بچوں کے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہوں

اپلائی کے لئے اپنا قومی شناختی کارڈ کا نمبر درج کریں اور سرچ کا بٹن دبائیں۔ مطلقہ فارم میں تمام کوائف کا اندراج کریں اور submit پر کلک کریں۔ اور ساتھ ہی فارم کا Print نکالیں۔
فارم کے آخر میں دیے گئے دستاویزات بمعہ فارم مطلقہ دفتر میں جمع کریں۔

## آن لائن گرانٹ اپلائی کا طریقہ کار

کمشنریٹ کی ویب سائٹ میں گرانٹ کے بٹن پر کلک کریں اور ان میں درج ذیل تین اقسام کے گرانٹ میں کسی ایک کا انتخاب کریں

- دوران کام حادثے کے شکار معذور کان کن مزدوروں کیلئے گرانٹ سکیم
- کان کنی کے دوران پیشہ ورپلمونری بیماریوں کے شکار کان کن مزدوروں کیلئے گرانٹ سکیم
- مائن میں کام کے دوران حادثے کی صورت میں کان کن کی موت کیلئے گرانٹ سکیم

اپلائی کے لئے اپنا قومی شناختی کارڈ کا نمبر درج کریں اور سرچ کا بٹن دبائیں۔ فارم میں تمام کوائف کا اندراج کریں اور submit پر کلک کریں۔ اور ساتھ ہی فارم کا پرنٹ Print نکالیں۔
فارم کے آخر میں دیے گئے دستاویزات بمعہ فارم مطلقہ دفتر میں جمع کریں۔